SECP

SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE

For immediate release

February 12, 2020

ایس ای سی پی نے کیپٹل مارکیٹ کے انٹرمیڈریز کی لائسنسنگ آسان بنادی

اسلام آباد (فروری 12): سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے کیپٹل مارکیٹ کے انٹرمیڈریز کے لئے لائسنسنگ کے عمل کو سہل و آسان بنانے کے پیش نظر انڈر رائٹر، بینکرز، اور سکیورٹیز اینڈ فیوچر ایڈوائزر کو ریگولیٹ کرنے والے ریگولیشنز میں ترمیم متعارف کروادی ہیں۔ نئی لائسنسنگ رجیم سے کیپٹل مارکیٹ کے انٹرمیڈریز کو زیادہ مناسب ریگولیٹری ماحول میسر آئے گا اور کیپٹل مارکیٹ میں مالیاتی اداروں کی زیادہ سے زیادہ شرکت کی حوصلہ افزائی ہو گی۔

ایس ای سی پی نے عوامی پیش کش (ریگولیٹڈ سکیورٹیز ایکٹیویٹیز لائسنسنگ) ریگولیشنز 2017 میں ترمیم کے ذریعے، بینکوں کو کسی معاملے میں انڈر رائٹر اور بینکر کی حیثیت سے کام کرنے کے لئے لائسنس کی پیچیدہ شرائط (دستاویزی تقاضوں) کو ختم کر دیا ہے۔ نئے ریگولیشنز کے مطابق، بینکوں کو لائسنس کے حصول کے لئے صرف ایک سادہ درخواست جمع کروانا ہو گی۔ درخواست کے ہمراہ بینک کی جانب سے صرف ایک ڈیکلاریشن جمع کروانا ہو گا کہ مذکوہ بینک تمام ریگولیٹری تقاضوں پر عمل درآمد کر رہا ہے۔ لائسنس کے حصول اور تجدید کیلئے اب دیگر دستاویزات کی ضرورت نہیں رہی۔

اس کے علاوہ، سکیورٹیز اینڈ فیوچر ایڈوائزر (لائسنسنگ اینڈ آپریشنز) ریگولیشنز، 2017 میں ترامیم کے ذریعے، کمپنیوں اور شیڈول بینکوں جو کہ متعدد ایسٹ مینجمنٹ کمپنیوں کے لئے ایڈوائزری خدمات اور میوچل فنڈز کی ڈسٹری بیوشن میں مصروف ہیں، کے لئے سکیورٹیز اور فیوچر ایڈوائزرز کی سالانہ تجدید کو آسان بنادیا گیا ہے۔

امید ہے کہ نئی لائسنسنگ رجیم کیپٹل مارکیٹس کے انٹرمیڈریز پر ریگولیٹری بوجھ کم کرنے اور کاروبار میں آسانی فراہم کرنے میں معاون ہو گی۔ نئے ریگولیشنز کے نوٹیفکیشن ایس ای سی پی کی ویب سائٹ www.secp.gov.pk پر دستیاب ہیں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005